© rasailojaraid.com

اس پس منظر میں مرزا طاہر احمد کے مذکورہ انٹرویو کے مضمرات و مقاصد کا سنجیدگی کے ساتھ جائزہ لینے کی ضرورت ہے اور ملک کے دینی و سیاسی حلقوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس ضمن میں اپنے موقف اور کردار کا بروقت تعین کریں۔

## قافلۂ معاد

● امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کی اہلیہ محترمہ طویل علالت کے بعد گزشتہ دنوں ملتان میں انتقال فرما گئیں اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن شاہ جیؒ نے آزادیٔ وطن اور عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے جو صبر آزما جدوجہد کی ہے اس میں ایک بڑا حصہ عزم و حوصلہ کی پیکر اس باہمت خاتون کا بھی ہے اور بلاشبہ ان کا شمار قوم کے محسنوں میں ہوتا ہے۔

● حضرت مولانا قاضی شمس الدین درویش گزشتہ روز دارِ فانی سے رحلت فرما گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن مرحوم قدیم طرز کے وضعدار علماء میں سے تھے۔ حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی رحمہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ انہیں گہرا تعلق رہا ہے انتہائی نیک دل اور حساس بزرگ تھے اور اس دور میں پرانے بزرگوں کی روایات کو قائم رکھے ہوئے تھے ان کی وفات نے باعمل علماء کے دنیا سے اٹھتے چلے جانے کے احساس کو اور زیادہ گہرا کر دیا ہے۔

● لیہ میں سپاہ صحابہؓ اور جمعیۃ علماء اسلام کے سرگرم راہنما مولانا عبد الصمد آزاد گزشتہ ہفتے سفاک قاتلوں کی فائرنگ کا نشانہ بن کر جام شہادت نوش کر گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن، مولانا حق نواز جھنگویؒ علامہ احسان الٰہی ظہیرؒ مولانا ایثار القاسمیؒ، مولانا احسان اللہ فاروقیؒ اور دیگر علماء کچھ عرصہ کے دوران جس بے دردی کے ساتھ قتل ہوتے ہیں اُس پر ذمہ دار اداروں کی بے حسی کا نتیجہ ہے کہ علماء کے قتل عام کا سلسلہ دراز ہوتا جا رہا ہے اور یہ صورت حال حکمرانوں کے لیے بہت بڑا چیلنج ہے۔

● "الشریعۃ" کے ادارۂ تحریر کے رکن اور ہمارے پرانے رفیق حافظ مقصود احمد بھی گزشتہ دنوں اللہ کو پیارے ہو گئے انا للہ وانا الیہ راجعون وہ صاحب علم و مطالعہ اور باذوق ساتھی تھے جن کی جدائی کا غم تادیر تازہ رہے گا اللہ تعالیٰ مرحومین کو جوارِ رحمت میں جگہ دیں ان کی حسنات قبول فرمائیں سیئات سے درگزر کریں اور پسماندگان کو صبر و حوصلہ سے نوازیں۔ آمین

© rasailojaraid.com